(۲)

نام کتاب : مولانا عبدالستار خان نیازی (مجاہد ختم نبوت' غازی ختم نبوت)

مؤلف ومرتب : محمد صادق قصوری

ضخامت: 272 صفحات سال اشاعت: فروری 2008ء ہدیہ: دعائے خیر بحق معاونین فاؤنڈیشن

عقیدۂ ختم نبوت اسلام کے بنیادی ترین عقائد میں شامل ہے اور اسے تسلیم کیے بغیر کوئی شخص مسلم نہیں ہو سکتا۔ جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی تھی' مختلف زمانوں میں کچھ راندۂ درگاہ لوگ قصرِ نبوت میں نقب زنی کی ناکام اور ناپاک جسارت کرتے رہے ہیں۔ انہی میں متنبی ہند مرزا غلام احمد قادیانی کا نام بھی شامل ہے۔ مرزائے قادیان کے دعوائے نبوت کا علمائے اسلام نے سخت نوٹس لیا اور اس کی تردید میں علمی و عملی ہر دو پہلوؤں سے انتھک جدوجہد کی' جس کے نتیجے میں آئین پاکستان کی رو سے قادیانیوں کو باقاعدہ غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا گیا۔

تحفظِ ختم نبوت کی اس عظیم تحریک میں مولانا عبدالستار خان نیازیؒ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ مولانا نیازی تحریک ختم نبوت میں اس قدر متحرک اور فعال تھے کہ حکومتِ وقت نے ایک فوجی عدالت کے ذریعے آپ کو اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ کو سزائے موت دینے کا فیصلہ سنا دیا۔ اس فیصلے پر ان حضرات کے پائے استقلال میں ہلکی سی لغزش بھی نہ آئی اور یہ پوری استقامت سے اپنے موقف پر ڈٹے رہے۔ ان حضرات کی سزائے موت بعد ازاں عمر قید میں تبدیل کر دی گئی۔ اندرون ملک عوامی احتجاج اور بیرون ملک اسلامی ممالک کی حکومتوں کے دباؤ کے باعث آخرکار حکومت کو انہیں رہا کرنا پڑا۔

محمد صادق قصوری صاحب نے تحریک ختم نبوت کے سلسلے میں مولانا نیازی کے کردار سے متعلق خود مولانا کی اپنی اور دیگر اربابِ قلم کی نگارشات کو مرتب کر کے کتابی شکل میں پیش کر دیا ہے جس سے مولانا نیازی مرحوم کی شخصیت کے انقلابی رخ' ان کی محبت رسول ﷺ اور تحریک کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل ہوتی ہے۔

کتاب درج ذیل پتے سے 40 روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کی جا سکتی ہے:

مجاہد ملت فاؤنڈیشن' برج کلاں ضلع قصور۔ پوسٹ کوڈ: 55051

(تبصرہ نگار: حافظ ابوعمرو عسکری)

جہاد فی سبیل اللہ

اصل حقیقت' اہمیت ولزوم اور مراحل ومدارج

بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کا ایک جامع خطاب